حکومتِ پاکستان

(ریونیو ڈویژن)

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

اسلام آباد، 7 جولائی 2026

**نوٹیفکیشن**

**(کسٹمز)**

S.R.O.1082(I)/2026۔— کسٹمز ایکٹ، 1969 (IV of 1969) کی دفعہ 219، سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990 کی دفعہ 50، فیڈرل ایکسائز ایکٹ، 2005 کی دفعہ 40 اور انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 (XLIX of 2001) کی دفعہ 237 کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو اس امر کی ہدایت دیتے ہوئے مسرت محسوس کرتا ہے کہ کسٹمز قواعد، 2001 میں درج ذیل مزید ترمیم کی جائے، جنھیں کسٹمز ایکٹ، 1969 (IV of 1969) کی دفعہ 219 کی ذیلی دفعہ (3A) کے تقاضے کے مطابق پہلے ہی نوٹیفکیشن نمبر S.R.O.967(I)/2026 مؤرخہ 10 جون 2026 کے ذریعے شائع کیا جا چکا ہے، یعنی:

مذکورہ قواعد میں باب XLVII کے بعد درج ذیل نیا باب شامل کیا جائے گا، یعنی:

**"باب XLVIII**

**کسٹمز میرین بنکرنگ قواعد**

**ذیلی باب I**

**ابتدائیہ**

**1222۔ مختصر عنوان۔**

ان قواعد کو "کسٹمز میرین بنکرنگ قواعد، 2026" کہا جائے گا۔

**1223۔ دائرۂ کار۔** (1)— اس باب کی دفعات پاکستان میں میرین بنکرنگ کے لیے کسٹمز کے طریقہ کار کو منظم کرنے پر لاگو ہوں گی، جو کراچی پورٹ ٹرسٹ کی حدود بشمول کراچی آؤٹر اینکر یج، پورٹ قاسم اتھارٹی کی حدود بشمول پورٹ قاسم آؤٹر اینکر یج، اور گوادر پورٹ اتھارٹی کی حدود اور گوادر آؤٹر اینکر یج میں انجام دی جائے، نیز ایسے دیگر کسٹمز بندرگاہوں پر بھی جو وقتاً فوقتاً سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے متعین کیے جائیں۔

(2) کسٹمز اور دیگر متعلقہ حکام کی جانب سے تمام بنکرنگ کارروائیاں پاکستان سنگل ونڈو (PSW) کے تیار کردہ پورٹ کمیونٹی سسٹم کے تحت الیکٹرانک طریقے سے انجام دی جائیں گی۔

(3) اس باب کی دفعات کسٹمز کارروائیوں پر لاگو ہوں گی، تاہم اس سے کسی دوسرے ادارے یا اتھارٹی کو ان کے متعلقہ قوانین کے تحت حاصل اختیارات متاثر نہیں ہوں گے۔ بنکرنگ کارروائیوں میں شامل ہر شخص یا ادارہ اس امر کا پابند ہوگا کہ وہ ایسی کارروائیوں پر لاگو دیگر ریگولیٹری ایجنسیوں اور اتھارٹیز کی تمام قانونی شرائط و تقاضوں کی سختی سے پابندی کرے، جس حد تک ان کے متعلقہ قوانین کے تحت مطلوب ہو۔

**1224۔ تعریفات۔** (1)—اس باب میں، جب تک سیاق و سباق سے اس کے برعکس مراد نہ ہو:

(a) **اینکر یج** سے مراد پاکستان کسٹمز واٹرز کے اندر کوئی ایسا علاقہ ہے جسے مجاز پورٹ اتھارٹی نے جہازوں کے عارضی لنگر انداز ہونے کے لیے مقرر کیا ہو، جس میں آؤٹر اینکر یج کے علاقے بھی شامل ہیں۔

(b) **قابلِ اطلاق MARPOL معیار** سے مراد ضمیمہ VI کے تحت وصول کنندہ جہاز (Receiving Vessel) پر لاگو سلفر کے تناسب کی حد اور ایندھن کے معیار کی وہ شرائط ہیں جو اس کے فلیگ اسٹیٹ، تجارتی علاقے اور ان Emission Control Areas (ECAs) کو مدنظر رکھتے ہوئے لاگو ہوں جن میں آپریشن کے لیے اسے تصدیق شدہ قرار دیا گیا ہو۔

(c) **مجاز بنکر آپریٹر** سے مراد وہ شخص یا ادارہ ہے جو ان قواعد کے تحت کسٹمز میں رجسٹرڈ ہو اور کسی مقررہ بنکرنگ پورٹ یا کسٹمز کی جانب سے مجاز قرار دی گئی کسی دوسری جگہ پر میرین بنکر فیول کی فراہمی کا مجاز ہو۔

(d) بارج سے مراد خود کار یا غیر خود کار جہاز ہے جو خصوصی طور پر میرین بنکر فیول کو وصول کنندہ جہاز تک پہنچانے اور فراہم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہو۔

(e) **بنکر ڈیلیوری** سے مراد بارج سے وصول کنندہ جہاز کے فیول ٹینکوں تک میرین بنکر فیول کی عملی منتقلی ہے، جو قانونی طور پر مجاز اسٹوریج ٹرمینلز اور ساحلی پائپ لائن کے بنیادی ڈھانچے کے ذریعے کی جائے۔

(f) **بنکر ڈیلیوری نوٹ** (سے مراد MARPOL ضمیمہ VI کے قاعدہ 18.5 کے تحت مطلوب لازمی دستاویز ہے، جس میں فراہم کردہ مقدار، فیول کا درجہ اور جہاز کو فراہم کیے گئے میرین بنکر فیول میں سلفر کے تناسب کا اندراج کیا جاتا ہے۔

(g) بنکرنگ **پورٹ** سے مراد کراچی کسٹمز پورٹ، پورٹ محمد بن قاسم اور گوادر پورٹ ہیں، یا ایسا کوئی دوسرا کسٹمز پورٹ جو ان قواعد کے تحت نوٹیفکیشن کے ذریعے مقرر کیا جائے۔

(h) **کلکٹر** سے مراد کسٹمز کا وہ کلکٹر ہے جسے بورڈ نے ان قواعد کے تحت مجاز قرار دیا ہو۔

(i) **ڈی بنکرنگ** سے مراد جہاز کے مستقل ایندھن ٹینکوں سے بنکر فیول کو محفوظ طریقے سے ساحل پر ذخیرہ کرنے کی سہولیات میں اتارنے کا عمل ہے۔

(j) **مقررہ بنکرنگ علاقہ** سے مراد وہ کسٹمز واٹرز ہیں جہاں کراچی پورٹ، پورٹ قاسم اور گوادر پورٹ میں غیر ملکی جہاز ان قواعد کے تحت دائرۂ اختیار رکھنے والے کلکٹر کسٹمز کی اجازت سے آپریشن کرتے ہیں۔

(k) **غیر ملکی سفر کرنے والا جہاز** سے مراد ایسا جہاز ہے جو پاکستان سے باہر کسی بندرگاہ تک یا وہاں سے سفر کرتا ہو، خواہ وہ غیر ملکی پرچم کے تحت ہو یا پاکستانی پرچم کے تحت (تاہم ساحلی پٹیوں کے ساتھ مقامی نقل و حمل میں مصروف مقامی جہاز اس میں شامل نہیں ہوں گے)۔

**(l)میرین بنکر فیول** سے مراد کوئی بھی پیٹرولیم پر مبنی ایندھن ہے جو جہازوں کو متحرک کرنے یا آپریشنل استعمال کے لیے فراہم کیا جاتا ہو، اور اس میں میرین گریڈ بائیو فیول کے آمیزے (Biofuel Blends) بھی شامل ہیں۔

**(m)پرمٹ ٹو ورک سروس** سے مراد پورٹ کے احاطے، ٹرمینلز، جہازوں یا محدود سمندری علاقوں میں بنکرنگ آپریشنز سمیت آپریشنل کاموں کی درخواست، منظوری، نگرانی اور انتظام کے لیے الیکٹرانک اجازت ہے، جو جہاز کے کپتان یا شپنگ ایجنٹ کی جانب سے پورٹ کمیونٹی سسٹم (PCS) کے ذریعے ویسل انٹیمیشن رپورٹ (VIR) کے حوالے سے جمع کرائی جاتی ہے۔

**(n)پورٹ کمیونٹی سسٹم** سے مراد پاکستان سنگل ونڈو کے ذریعے چلایا جانے والا الیکٹرانک پلیٹ فارم ہے جو ڈیٹا کی ایک مرتبہ فراہمی اور ٹرانسپورٹ، لاجسٹکس اور ریگولیٹری عمل کے انضمام کے ذریعے متعلقہ فریقین کے درمیان معلومات کے الیکٹرانک تبادلے کو ممکن بناتا ہے۔

**(o)وصول کنندہ جہاز** سے مراد کوئی بھی غیر ملکی سفر کرنے والا جہاز ہے جو ان قواعد کے تحت میرین بنکر فیول وصول کرتا ہو۔

**(p)نمائندہ نمونہ** سے مراد میرین بنکر فیول کا وہ نمونہ ہے جو MARPOL ضمیمہ VI کے تحت معیار کی تصدیق کے مقصد کے لیے IMO گائیڈ لائن کے مطابق حاصل کیا گیا ہو۔

**(q)الیج ٹیمپریچر انٹرفیس** ایسا آلہ ہے جو بحری جہاز رانی کی صنعت میں ٹینکر جہازوں پر موجود الیج (Ullage)، درجہ حرارت اور تیل و پانی کے درمیانی سطحی رابطے (Oil-Water Interface) کی محفوظ پیمائش کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، اور جہاں قابل اطلاق ہو وہاں ISO-ASTM-API-IP پٹرولیم ماپنے کے جدول کے مطابق استعمال کیا جاتا ہے۔

**(2)** وہ الفاظ اور اصطلاحات جو ان قواعد میں استعمال ہوئی ہیں لیکن ان کی تعریف نہیں کی گئی، ان کے وہی معانی ہوں گے جو انہیں کسٹمز ایکٹ، 1969 (IV of 1969) اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد میں تفویض کیے گئے ہیں۔

## ذیلی باب II
## مجاز بنکر آپریٹرز

### 1225۔ ABO رجسٹریشن۔

کوئی بھی شخص کسی بنکرنگ پورٹ پر بنکرنگ آپریشنز انجام نہیں دے گا، الا یہ کہ اس کے پاس مرکنٹائل میرین ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کردہ لائسنس موجود ہو اور وہ پورٹ کمیونٹی سسٹمز کے ذریعے کسٹمز کے ساتھ بطور **مجاز بنکر آپریٹر (ABO)** رجسٹرڈ ہو۔

**1226۔ بنکر بارجز۔** (1)—ABO یا اس کا ایجنٹ جہازوں کی بنکرنگ کے خصوصی آپریشنز کے لیے عارضی بنیادوں پر چھتیس (36) ماہ کی مدت کے لیے بنکر بارجز لانے کا مجاز ہوگا، بشرطیکہ وہ گڈز ڈیکلریشن جمع کرائے اور اس میں شامل ڈیوٹیز اور ٹیکسوں کے مساوی رقم کی بینک گارنٹی فراہم کرے۔ ABO بارج کے آپریشنز میں توسیع کے لیے بینک گارنٹی کی میعاد ختم ہونے سے ایک ماہ قبل درخواست دے گا۔ اگر بارج چھ ماہ کے اندر واپس نہ کیا جائے یا توسیع حاصل نہ کی جائے تو متعلقہ ڈیوٹیز اور ٹیکسوں کی ادائیگی کے لیے بینک گارنٹی ضبط کر لی جائے گی، علاوہ ازیں قانون کے تحت درکار دیگر کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔

**(2)** بنکرنگ آپریشنز میں استعمال ہونے والے بارجز کو SRO 122(I)/83 مورخہ 12-02-1983 کے تحت کسٹمز میں رجسٹرڈ کیا جائے گا اور ان کی تفصیلات WeBOC سسٹم میں درج کی جائیں گی، جس میں درج ذیل معلومات فراہم کرنا ضروری ہوگا، یعنی:

(a) بارج کے فلیگ اسٹیٹ کی جانب سے جاری کردہ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ؛

(b) موجودہ **انٹرنیشنل آئل پولوشن پری ونشن سرٹیفیکیٹ(IOPP)**؛

(c) بارج پر نصب Ullage Temperature Interface (UTI) کے لیے کیلیبریشن سرٹیفکیٹ، جو گزشتہ بارہ ماہ کے اندر کسی منظور شدہ میٹرولوجیکل اتھارٹی کی جانب سے جاری کیا گیا ہو؛

(d) Ullage Temperature Interface (UTI) اور تمام کارگو والوز پر نصب چھیڑ چھاڑ سے محفوظ (Tamper-Evident) سیلنگ میکانزم کی تفصیل؛

(e) بارج کی ملکیت کی تفصیلات اور اس کی ٹنیج (Tonnage)؛

(f) مؤثر اور قابل عمل **کلاس سرٹیفیکیٹ** (جہاں قابل اطلاق ہو)؛

(g) ہوز (Hose) کے پریشر ٹیسٹنگ کے ریکارڈ؛

(h) آگ بجھانے کے آلات اور ایمرجنسی شٹ ڈاؤن کے انتظامات؛ اور

(i) عملے کی اہلیت اور بنکرنگ سے متعلق تربیتی سرٹیفیکیشنز۔

## ذیلی باب III

## بنکرنگ کے علاقے اور فیول ذخیرہ کرنے کی سہولیات

**1227۔ بنکر فیول ذخیرہ کرنے کی سہولت۔**

بنکر فیول کی لوڈنگ کے لیے ایک مجاز بنکر آپریٹر (ABO) کلکٹر کی منظوری سے ایک یا ایک سے زیادہ بنکر فیول ذخیرہ کرنے کی سہولیات حاصل کر سکتا ہے، مثلاً ذخیرہ کرنے والے ٹینک، ساحلی پائپ لائنیں، یا منظور شدہ ٹرمینل پر مقررہ لوڈنگ پوائنٹس، جہاں سے میرین بنکر فیول بار جز پر لوڈ کر کے ترسیل کے لیے روانہ کیا جاتا ہے۔

## ذیلی باب IV

## بنکرنگ (برآمدات) کے لیے عملی طریقۂ کار

**1228۔ پرمٹ ٹو ورک (PTW) کی درخواست۔**

وصول کنندہ جہاز کا ماسٹر یا شپنگ ایجنٹ، پورٹ کمیونٹی سسٹم (PCS) کے ذریعے ویسل انٹیمیشن رپورٹ (VIR) کے حوالے سے **پرمٹ ٹو ورک (PTW)** کی درخواست داءر کرنے کی کاروائی شروع کرے گا اور مجاز سروس فراہم کنندہ (ABO) کا انتخاب کرے گا۔

**1229۔ گڈز ڈیکلریشن جمع کرانا۔** (1)—— برآمد کنندہ، جو اوگرا کے ساتھ بطور ریفائنری یا آئل مارکیٹنگ کمپنی رجسٹرڈ ہو، یا اس کا مجاز کلیئرنگ ایجنٹ، ABO کو بطور Consignee ظاہر کرتے ہوئے برآمدی **گڈز ڈیکلریشن** جمع کرائے گا۔ اس **گڈز ڈیکلریشن** میں سپلائی کے لیے مجوزہ مقدار، نقل و حرکت کا طریقہ (یعنی ٹینکر موڈ یا پائپ لائن موڈ) اور گیٹ اِن (Gate-In) مقاصد کے لیے منظور شدہ سورس ٹرمینل یا ذخیرہ گاہ کی تفصیلات شامل ہوں گی۔

جہاں ٹرک موڈ منتخب کیا جائے وہاں ٹینکر یا گاڑی کا نمبر درج کرنا لازمی ہوگا، اور جہاں پائپ لائن موڈ منتخب کیا جائے وہاں متعلقہ پائپ لائن کا انتخاب کرنا ضروری ہوگا۔

**(2)** گیٹ اِن (Gate-In) کی کارروائی مکمل ہونے پر کھیپ کسٹمز کے نامزد افسر کو تفویض کی جائے گی، جو قانون کے مطابق **گڈز ڈیکلریشن** میں درج تفصیلات کی جانچ کرے گا۔

**(3)** اگر قیمت یا مقدار میں کوئی فرق یا بے ضابطگی پائی جائے تو ترمیم شدہ **(FI) فنانشل انسٹرومنٹ** جمع کرانا لازم ہوگا۔

**(4)** بنکرنگ کی تکمیل پر ABO درج ذیل اقدامات کرے گا:

(a) اختتامی **UTI Reading** ریکارڈ کرے گا اور فراہم کی گئی خالص مقدار کا حساب لگائے گا؛

(b) قاعدہ 1230 کے مطابق نمائندہ نمونے (Representative Samples) حاصل کرے گا؛ اور

(c) وصول کنندہ جہاز کے ماسٹر کو **بنکر ڈیلیوری نوٹ (BDN)** جاری کرے گا، جو شیڈول I- میں مقررہ فارم کے مطابق ہوگا۔

**(5)** جہاز کا ماسٹر یا شپنگ ایجنٹ **بنکر ڈیلیوری نوٹ** پر دستخط کرے گا۔ اگر ماسٹر **بنکر ڈیلیوری نوٹ** میں درج کسی بھی تفصیل سے اختلاف کرے تو اس اختلاف کو **بنکر ڈیلیوری نوٹ** پر درج کیا جائے گا، اور **بنکر ڈیلیوری نوٹ** کی دونوں نقول محفوظ رکھی جائیں گی، جن میں سے ایک ABO اور دوسری وصول کنندہ جہاز کے ماسٹر کے پاس ہوگی۔ ABO کسی بھی تنازعہ **بنکر ڈیلیوری نوٹ** کے بارے میں چار گھنٹوں کے اندر کلکٹر کو مطلع کرے گا۔

**(6)** جہاز کا ماسٹر یا شپنگ ایجنٹ PCS / WeBOC کے ذریعے جہاز پر لوڈ کی گئی اصل مقدار درج کرے گا، جو VIR کے تحت PTW کے ذریعے طلب کی گئی بنکر مقدار کی حتمی مفاہمت کا حصہ ہوگی۔

**(7)** کسی بھی غیر ملکی سفر کرنے والے جہاز سے حاصل ہونے والی ضمنی مصنوعات (By-products) اور فضلہ جاتی مادوں (Waste Streams) کی بنکرنگ کو درآمد تصور کیا جائے گا۔

**1230۔لازمی نمائندہ نمونہ سازی (Mandatory Representative Sampling)** ۔ (1)—— فراہم کیے گئے میرین بنکر فیول کا ایک نمائندہ نمونہ بارج میں فیول وصول کیے جانے کے مقام پر ABO کے نمائندے کی موجودگی میں، کسٹمز کی نگرانی کے تحت، **Continuous Drip Sampling Method** یا قاعدہ 1224 کی ذیلی قاعدہ (1) کی شق (p) کے تحت مقرر کردہ کسی دوسرے طریقۂ کار کے مطابق حاصل کیا جائے گا۔

**(2)** کم از کم تین نمائندہ نمونے حاصل کیے جائیں گے جن پر ABO/ ایجنٹ اور کسٹمز افسر کے دستخط ہوں گے، جن کی تقسیم درج ذیل ہوگی:

(a) ایک مہر بند نمونہ ABO کے پاس کم از کم بارہ ماہ تک محفوظ رکھا جائے گا؛

(b) ایک مہر بند نمونہ کسٹمز حکام کے پاس کم از کم بارہ ماہ تک محفوظ رکھا جائے گا؛

(c) ایک مہر بند نمونہ وصول کنندہ جہاز کے ماسٹر کے پاس کم از کم بارہ ماہ تک محفوظ رکھا جائے گا؛ اور

(d جانچ پڑتال کے تمام اخراجات ABO برداشت کرے گا۔

## ذیلی باب V

## بین الاقوامی ٹرانس شپمنٹ کے تحت بنکرنگ

**1231**۔ بین الاقوامی ٹرانس شپمنٹ کے تحت بنکر نگ کی صورت میں، کارگو کی تفصیلات IGM یا کیریئر ڈیکلریشن میں واضح طور پر درج کی جائیں گی، جو پورٹس کمیونٹی سسٹم (PCS) میں ایسی شپنگ لائنز، VOCCs یا NVOCCs کی جانب سے اپ لوڈ کی جائیں گی جو مؤثر شپنگ ایجنٹ لائسنس رکھتی ہوں۔ اس مینی فیسٹ میں درج ذیل معلومات شامل ہوں گی، یعنی:

(a)لوڈنگ کی بندرگاہ ؛

(b)راستے کی بندرگاہ (Via Port) یعنی پاکستان میں واقع ٹرانس شپمنٹ پورٹ کا نام؛

(c)سامان اتارنے کی آخری منزل یعنی غیر ملکی جہاز؛

(d.بل آف لیڈنگ (B/L) نمبر یا غیر ملکی ٹی پی؛

(e غیر ملکی برآمد کنندہ کا نام؛

(f درآمد کنندہ یا ABO کا نام؛

(g مقدار اور وزن؛ اور

(h ایندھن کی قسم ۔

**1232**۔ آن لائن بلک ٹرانس شپمنٹ مینی فیسٹ ڈیکلریشن کے عوض جزوی کھیپوں کی اجازت ہوگی، بشرطیکہ اس پر **"جزوی ٹرانس شپمنٹ "** کی توثیق موجود ہو۔ اس ڈیکلریشن میں کل موصول شدہ کارگو، ٹرانس شپمنٹ کی گئی یا غیر ملکی جہازوں کو فراہم کی گئی مقدار، اور بارج میں دستیاب باقی ماندہ مقدار کی تفصیل درج ہوگی، نیز اس کے ساتھ ایک **بنکر ڈیلیوری نوٹ** بھی منسلک ہوگا جس میں درج ذیل معلومات شامل ہوں گی، یعنی:

(a وصول کنندہ ذریعہ نقل و حمل کا نام؛

(b)پی او ایل POL مصنوعات کا نام؛

(c فراہم کی گئی مقدار ؛

(d باقی ماندہ مقدار؛ اور

(e ترسیل کی تاریخ ۔

## ذیلی باب VI

## بانڈڈ ذخیرہ گاہوں سے بنکرنگ

**1233**۔ بانڈڈ ذخیرہ گاہوں سے انجام دی جانے والی بنکرنگ کارروائیاں کسٹمز قواعد، 2001 کے باب XLV (**کسٹمز بانڈڈ فسیلیٹیز قواعد 2024 کے تحت غیر ملکی سپلائر کے اکاؤنٹ پر پیٹرولیم مصنوعات کی درآمد، مقامی فروخت اور دوبارہ برآمد**) کی دفعات کے مطابق عمل میں لائی جائیں گی۔

## ذیلی باب VII

### نفاذ، سزائیں اور اپیلیں

**1234۔ کسٹمز افسران کے اختیارات۔**

کلکٹر کسٹمز کی جانب سے مجاز قرار دیا گیا کوئی بھی کسٹمز افسر درج ذیل اختیارات کا حامل ہو گا:

(a)لوڈنگ ٹرمینل پر، مقررہ بنکرنگ علاقے میں یا اینکریج پر موجود بھی رجسٹرڈ بارج پر کسی بھی وقت سوار ہو کر اس کا معائنہ کرنا؛

(b)لیبارٹری جانچ کے لیے کسی بھی مرحلے پر بارج سے میرین بنکر فیول کے نمائندہ نمونے حاصل کرنا؛

(c)ABO کو پابند کرنا کہ وہ کسی بھی بنکرنگ آپریشن سے متعلق دستاویزات، ڈیجیٹل ریکارڈ، UTI لاگ یا CCTV ریکارڈنگ اڑتالیس (48) گھنٹوں کے اندر پیش کرے؛

(d)ایسی صورت میں جب بنکرنگ فیول کی غیر قانونی منتقلی یا قانون کی کسی اور خلاف ورزی کا معقول شبہ موجود ہو، تحقیقات مکمل ہونے تک کسی بارج کو سیل کرنا؛اور

(e)ایسی صورت میں جب کارگو کی درست حالت کے بارے میں معقول شبہ موجود ہو، بارج کو ترسیل مکمل کرنے سے قبل لوڈنگ ٹرمینل واپس جانے کی ہدایت دینا۔

**1235۔ جرائم اور سزائیں۔**

ان قواعد کی کسی بھی دفعہ یا شق کی خلاف ورزی کو کسٹمز ایکٹ، 1969 کی متعلقہ دفعات کی خلاف ورزی تصور کیا جائے گا، جس پر قانون کے تقاضے پورے کرنے کے بعد مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 156(1) کے تحت تعزیری کارروائی کی جا سکے گی۔

**1236۔ آڈٹ۔**

ڈائریکٹوریٹ جنرل آف پوسٹ کلیئرنس اینڈ انٹرنل آڈٹ (PC & IA) تمام ABOs کا سالانہ آڈٹ کرے گا۔ یہ آڈٹ رسک اسسمنٹ، بے ترتیب انتخاب (Random Selection)، مخصوص معلومات کی بنیاد پر، یا حسبِ ضرورت کلکٹر کی درخواست پر کسی بھی وقت کیا جا سکے گا۔

## شیڈول I

**[قاعدہ 1229 (4)(c) ملاحظہ ہو]**

### بنکر ڈیلیوری نوٹ (BDN)

| | |
|---|---|
| BDN حوالہ نمبر | |
| ترسیل کے آغاز کی تاریخ اور وقت | |
| ترسیل کی تکمیل کی تاریخ اور وقت | |
| وصول کنندہ جہاز کا نام | |
| وصول کنندہ جہاز کا IMO نمبر | |
| وصول کنندہ جہاز کا فلیگ اسٹیٹ | |
| ترسیل کی بندرگاہ/اینکریج | |

| | |
|---|---|
| مجاز بنکر آپریٹر (ABO) کا نام | |
| بارج کا نام اور رجسٹریشن نمبر (BRN) | |
| UTI سیریل نمبر | |
| ابتدائی UTI ریڈنگ (میٹرک ٹن) | |
| اختتامی UTI ریڈنگ (میٹرک ٹن) | |
| فراہم کی گئی خالص مقدار (میٹرک ٹن) | |

| | |
|---|---|
| فیول گریڈ | |
| سرٹیفکیٹ آف کوالٹی (CoQ) کے مطابق سلفر کا تناسب (% m/m) | |
| ISO 8217 گریڈ حوالہ | |
| 15°C پر کثافت (Density @15°C) | |
| فلیش پوائنٹ | |
| سپلائر کا مطابقتی اعلامیہ (Supplier Conformity Declaration) | |
| ایندھن کی روانگی کی اصل/ریفائنری کا ماخذ | |
| نمائندہ نمونوں کے سیل نمبر (3 نمونے) | |

**ABO کے نمائندے کے دستخط** ______________________

**وصول کنندہ جہاز کے ماسٹر کے دستخط** ______________________

**ماسٹر کے تبصرے/اعتراضات (اگر کوئی ہوں)**

یہ **بنکر ڈیلیوری نوٹ** ، **MARPOL ضمیمہ VI قواعد 18.5** کے تحت ایک لازمی دستاویز ہے۔ اس کی ایک نقل وصول کنندہ جہاز پر کم از کم **تین (3) سال تک** محفوظ رکھی جائے گی۔

اس کی اسکین شدہ نقل ترسیل کی تکمیل کے **چار گھنٹوں** کے اندر **Bunker Declaration (GD Filing)** کے ساتھ **WeBOC** میں اپ لوڈ کی جائے گی۔

مجاز بنکر آپریٹر (ABO) اس امر کا اقرار اور ذمہ داری قبول کرتا ہے کہ یہ BDN، **MARPOL ضمیمہ VI قواعد 14 اور 18** کے تقاضوں کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔

**[C. No. 10(2)L&P/2005(Pt)]**

(جنید محمود)

سیکریٹری (قانون و طریقہ کار)